12 فروری 2020ء

پریس ریلیز برائے ترسیلاتِ زر

1۔ مالی سال 20ء میں جنوری کے دوران ترسیلاتِ زر (1907.3 ملین ڈالر) میں 163.2 ملین ڈالر یا 9.3 فیصد کا اضافہ ہوا، جبکہ مالی سال 19ء کے اسی مہینے میں 1744.1 ملین ڈالر کی ترسیلاتِ زر موصول ہوئی تھیں۔

2۔ جولائی تا جنوری مالی سال 20ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مجموعی مالیت 13302.2 ملین ڈالر رہی۔ اس طرح جولائی تا جنوری مالی سال 19ء کی ترسیلاتِ زر (12774.1 ملین ڈالر) کے مقابلے میں 528.1 ملین ڈالر یا 4.1 فیصد کا اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔

3۔ مالی سال 20ء میں جنوری کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ اور برطانیہ سے بڑی رقوم 433.4 ملین ڈالر، 395.5 ملین ڈالر 335.1 ملین ڈالر اور 299.1 ملین ڈالر موصول ہوئیں جو دسمبر 2019ء کے مقابلے میں بالترتیب 8.4 فیصد، 7.5 فیصد، 6.3 فیصد، اور 7.9 فیصد کم تھیں۔

****